زیرتبصرہ کتاب میں جناب طاہرعبدالرزاق نے ''ظفراللہ خان'' کی سیاہ زندگی کے بارے میں لکھے گئے متعدد مضامین جمع کر دیے ہیں۔قاری کو ڈسکہ ضلع سیالکوٹ کے ایک ناکام وکیل، بے کار مقرر، ناشائشتہ گفتگو کرنے والے ایک چاپلوس اورعیار قادیانی کی بہت ساری داستانیں پڑھنے کوملیں گی۔ظفراللہ خان نے مسلم لیگ میں رہ کرکس طرح مسلمانوں کی نمک حرامی کی باؤنڈری کمیشن میں بیٹھ کرکیا کیا سازشیں کیں اور پاکستان کا پہلا وزیرخارجہ بن کر پاکستان کو کیا کیا نقصانات پہنچائے۔ایک غدار کی کہانی جو اپنے پہلو میں حقائق،دلائل،سچائی اورثبوت لیے ہوئے ہے۔

● ربوہ کی پُراسرارکہانیاں تدوین:محمد طاہرعبدالرزاق ضخامت:202 صفحات،قیمت:100روپے
ناشر:عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت،حضوری باغ روڈ ملتان

جناب محمد طاہرعبدالرزاق مرزائیوں کے تعاقب میں رواں دواں ہیں اب تک متعدد کتابیں مرزا قادیانی اور اس کی ملت مرتدہ کے بارے میں لکھ چکے ہیں مگر ''ربوہ کی پراسرارکہانیاں'' ان کی خصوصی تحقیق وتدوین کا نتیجہ ہے۔

آغا شورش نے کہا تھا:

اس نامراد شہر کی ہیبت مٹائے جا
ربوہ غلط مقام ہے اس کو ہلائے جا

جناب طاہرعبدالرزاق نے اپنی اس کتاب میں ربوہ کو ہلانے کی کامیاب کوشش کی ہے۔مختلف مشاق اور منجھے ہوئے لکھاریوں کے انتیس مضامین کتاب میں شامل کیے ہیں جو ربوہ میں قادیانی عدالتوں، ریاست کے اندر ریاست کی کیفیت،بہشتی مقبرے کا فریب،جسٹس صمدانی کا دورۂ ربوہ اورکمیشن کی رپورٹ، امریکی سفیر، بھارت واسرائیل کے جاسوسوں کی ربوہ میں موجودگی اوردیگر تاریخی انکشافات پر مشتمل ہے۔جودلچسپ بھی ہیں اورمعلومات افزا بھی۔

● ہم نے قادیان میں کیا دیکھا؟(جلد1) تدوین:محمد طاہرعبدالرزاق
ناشر:عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت،حضوری باغ روڈ ملتان صفحات:206 قیمت:100روپے

قادیانیوں نے اسلام پر جونقب لگائی ہےاور ہماری متاع حیات کو ہم سے چھیننے کے لیے جو اوچھے ہتھکنڈے استعمال کررہے ہیں اسی سازش کا پردہ چاک کرنے کے حوالے سے جناب طاہرعبدالرزاق کا قلم ایک تلوار کا کردار ادا کررہا ہے۔اس کتاب میں مرتب نے قادیان میں تحفظ ختم نبوت کے لیے خدمات انجام دینے والے مختلف رہنماؤں کے مشاہدات وتاثرات اورقادیانیت کے محاسبہ وتجزیہ پر مشتمل بعض علمی وتحقیقی مضامین کو یکجا کردیا ہے۔لکھنے والوں میں مفکّرِ احرار چودھری افضل حق، مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانوی،مولانا عنایت اللہ چشتی مولانا عبدالکریم مباہلہ، ماسٹر تاج الدین انصاری،خواجہ عبدالحمید بٹ، پروفیسر محمد اسلم اورعبداللہ ملک رحمہم اللہ شامل ہیں۔ان مضامین میں قادیانیت کا بھیانک چہرہ بے نقاب کیا ہے۔جھوٹے اورعیار مرزا کی اصلیت آشکارا کرنے کی یہ جہدِ مسلسل جناب طاہرعبدالرزاق کا مقصدِ حیات ہے۔اللہ تعالیٰ ان کی صحت، عمراوراوقات میں برکت عطا فرمائے!(تبصرہ: شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی)